# 1 سروے سے متعلق معلومات

## 1.1 قومی تجرباتی سروے برائے ذیابیطس سے کیا مراد ہے؟

ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کا قومی سروے ایک ایسا نیا سروے ہے جو انگلینڈ میں مقیم لوگوں کو ٹائپ 1 یا ٹائپ 2 ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے سے متعلق ان کے تجربات پر رائے دہی کا موقع دیتا ہے۔ ذیابیطس میں مبتلا افراد کے لیے NHS نگہداشت اور ازخود نظم کاری کے تجربات کو سمجھنے اور ان کو بہتر بنانے کے لیےNHS England ان نتائج کا استعمال کرے گا۔

## 1.2 سروے کون انجام دے رہا ہے؟

ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کے قومی سروے کی تقسیم کاریNHS England کی ذمہ داری ہے۔ NHS England انگلینڈ میں قومی صحت کی سروس (NHS) کی سربراہی کرتا ہے۔ آپ مزید معلومات NHS websiteپر حاصل کر سکتے ہیں۔

NHSانگلینڈ اس سروے کی تقسیم کے لیے Ipsosکے ساتھ باہم مل کر کام کر رہا ہے، جو کہ ایک غیر جانبدار تحقیقاتی ادارہ ہے۔ Ipsos مارکیٹ ریسرچ سوسائٹی کے ضابطہ اخلاق کی پُرزور تعمیل کرتا ہے۔ آپ مزید معلومات Ipsos ویب سائٹسے حاصل کر سکتے ہیں۔

## 1.3 یہ سروے کب بھیجا جائے گا؟

ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کا قومی سروے مارچ سے مئی 2024 تک بھیجا جائے گا۔

# 2 ذیابیطس میں معاونت سے متعلق معلومات

### 2.1 میں اپنی ذیابیطس کے لیے NHS نگہداشت تک کیسے رسائی کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ کو ابھی طبی مدد کی ضرورت ہے، لیکن یہ کوئی ہنگامی صورتحال نہیں ہے، تو nhs.uk.111 پر جائیں یا کسی بھی لینڈ لائن یا موبائل فون سے 111 پر بالکل مفت کال کریں۔ بہرے اور کمزور سماعت کے حامل لوگ 18001 111پر کال کرنے کے لیے ٹیکسٹ ریلے کو استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی ذیابیطس ٹیم، GP پریکٹس یا نگہداشت صحت کے کسی اور پیشہ ورانہ ماہر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ انہیں مزید کسی بھی قسم کی ایسی تشخیصات یا نگہداشت میں مدد کرنے کے قابل ہونا چاہیئے جو ان کے خیال میں ضروری ہیں۔ وہ آپ کو معاونت کے دیگر ذرائع کی جانب بھی سائن پوسٹ کر سکیں گے۔

### 2.2 میں ذیابیطس میں مبتلا ہونے کے حوالے سے مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ NHS کی ویب سائٹ پر ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے اور اپنے لیے دستیاب معاونت کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں: https://www.nhs.uk/conditions/diabetes/.

### 2.3 مجھے اپنی ذیابیطس کی نگہداشت سے متعلق ایک شکایت کرنی ہے۔ میں اپنی شکایت کیسے کروں؟

Ipsos کسی ایسے دوسرے سوال یا شکایت کے سلسلے میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا جو آپ کو فراہم کردہ سروس یا نگہداشت کے بارے میں ہے۔

آپ درج ذیل ویب سائٹ سے خود کو موصول ہونے والی سروس یا نگہداشت کے بارے میں شکایت درج کرنے کے حوالے سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں: NHS England » Feedback and complaints about NHS services.

# 3 حصہ لینا

### 3.1 مجھے اس سروے میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ میں یہ کیسے کروں؟

آپ اپنے خط پر پرنٹ شدہ رسائی کا کوڈ درج کرتے ہوئے آن لائن حصہ لے سکتے ہیں۔ آپ یہاں www.diabetessurvey.co.uk/urdu سے اس سروے تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کا رسائی کا کوڈ 12 حروف پر مشتمل ایک ایسا کوڈ ہے جو آپ کے لیے منفرد ہے۔ آپ اپنے خط پر اپنا رسائی کا کوڈ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، یہ کچھ ایسا دکھائی دے گا: 72WD KLTC 9JC9۔ ایک بار جب آپ یہ کوڈ درج کر لیں اور آگے بڑھیں کو دبا چکے ہوں، تو آپ کو سروے کا آغاز نظر آنا چاہیئے۔

یا آپ اپنے اسمارٹ فون یا کسی اور ڈیوائس میں موجود کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے اپنے دعوتی خط پر پرنٹ شدہ QR کوڈ کو اسکین کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کے لیے منفرد ہے اور اس کے ذریعے آپ اپنا رسائی کا کوڈ درج کیے بغیر آن لائن سروے تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم آپ کو ایک متنی پیغام بھی بھیج سکتے ہیں جس میں ایک ایسا منفرد لنک شامل ہوتا ہے جس کے ذریعے آپ اپنے رسائی کے کوڈ کی ضرورت پیش آئے بغیر آن لائن حصہ لے سکتے ہیں۔

اگر آپ آن لائن حصہ نہیں لے سکتے ہیں، تو ہم مئی کے اوائل میں آپ کو اس سوالنامے کا ایک کاغذی ورژن، اور ایک مفت واپسی کا لفافہ بھیجیں گے۔

اس آن لائن سروے کا اختتام 27 مئی 2024 کو ہو گا۔ یا، اگر آپ کو بذریعہ ڈاک کاغذی سوالنامہ موصول ہوا ہے، تو براہ کرم اسے جلد از جلد پُر کریں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ یہ 27 مئی 2024 تک موصول ہو جائے۔

### 3.2 کیا ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کا قومی سروے قابل رسائی ہے؟

آپ اس صفحے کے دائیں جانب موجود لنک پر کلک کرتے ہوئے اس آن لائن سروے میں اردو میں حصہ لے سکتے ہیں۔ Ipsos ان شرکاء کے لیے ایک فری فون ہیلپ لائن فراہم کرتا ہے جنہیں سروے میں حصہ لینے کے حوالے سے مدد درکار ہوتی ہے۔ آپ پیر تا ہفتہ صبح 10 بجے سے سہ پہر 4 بجے کے درمیان 0800 470 2965 پر کال کر سکتے ہیں اور فون کے ذریعے اردوزبان میں حصہ لینے کے لیے اپائنٹمنٹ کا وقت طے کر سکتے ہیں۔ آپ سروے کو قابل رسائی بنانے کے حوالے سے ہماری دیگر کوششوں کے بارے میں مزید معلومات accessibility and language page سے حاصل کر سکتے ہیں۔

### 3.3 کیا اس سروے میں حصہ لینے کے حوالے سے کوئی شخص میری مدد کر سکتا ہے؟

اگر آپ چاہتے ہیں کہ سروے میں حصہ لینے میں کوئی آپ کی مدد کرے تو مناسب یہ ہے کہ کسی دوست یا رشتہ دار سے مدد طلب کریں، لیکن براہ کرم اس امر کو یقینی بنائیں کہ جوابات صرف آپ کے اپنے ذاتی تجربات سے متعلق ہوں۔

### 3.4 میں نے اپنا رسائی کا وہ کوڈ کھو دیا ہے جس کی مجھے آن لائن حصہ لینے کے لیے ضرورت ہے۔ کیا میں یہ دوبارہ حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ نے اپنا رسائی کا کوڈ کھو دیا ہے، تو براہ کرم ای میل کریں diabetessurvey@ipsos.com یا کال کریں 0800 470 2965 اور ہم یہ آپ کو ای میل کے ذریعے دوبارہ بھیج دیں گے۔ براہ کرم نوٹ کریں، چونکہ رسائی کے تمام کوڈز بحفاظت محفوظ کیے گئے ہیں لہٰذا اس عمل میں کچھ دن لگ سکتے ہیں۔

### 3.5 مجھ سے فری پوسٹ لفافہ کھو گیا ہے یا مجھے موصول نہیں ہوا، کیا مجھے دوسرا لفافہ مل سکتا ہے؟

اگر آپ نے فری پوسٹ لفافہ کھو دیا ہے یا آپ کو موصول نہیں ہوا ہے اور آپ پُر شدہ کاغذی سوالنامہ واپس بھیجنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم سوالنامہ ایک نشان زدہ لفافے میں ڈالیں

FREEPOST Plus RTSA–ZYGL–KSBX

Kings House,

Kymberley Road

Harrow

London

HA1 1PT

آپ کو ڈاک ٹکٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

### 3.6 کیا مجھے سروے میں حصہ لینا ہو گا؟

سروے میں حصہ لینے کا فیصلہ اختیاری ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ حصہ لیں گے کیونکہ یہ ہمیں انگلینڈ میں ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے کے لوگوں کے تجربے کی بہترین ممکنہ تصویر فراہم کرے گا۔ لیکن اگر آپ حصہ نہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو اس سے آپ کی نگہداشت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور نہ ہی آپ کو ہمیں کوئی وجہ بتانے کی ضرورت ہے۔

### 3.7 اگر میں حصہ نہ لینا چاہوں تو مجھے کس سے رابطہ کرنا چاہیئے؟

اگر آپ اس سروے کے بارے میں یاد دہانیاں موصول نہیں کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم پیر تا ہفتہ صبح 10 بجے سے سہ پہر 4 بجے کے درمیان فری فون 0800 470 2965 پر Ipsos سروے ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔ یا آپ Ipsos کو diabetessurvey@ipsos.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

### 3.8 میں حصہ لینا چاہتا/چاہتی ہوں لیکن آپ نے مجھے سروے نہیں بھیجا۔ میں کس طرح حصہ لے سکتا/سکتی ہوں؟

ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کا قومی سروے میں اپنی دلچسپی ظاہر کرنے پر آپ کا شکریہ۔ افسوس کے ساتھ، اگر آپ کو بغیر کسی ترتیب کے منتخب نہیں کیا گیا ہے تو آپ حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

تاہم، آپ NHS website پر سروسز سے متعلق رائے دے سکتے ہیں۔

# 4 رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ

### 4.1 آپ نے میری تفصیلات کس طرح حاصل کیں؟

NHS England اس سروے کا ڈیٹا کنٹرولر ہے۔ NHS England کے پاس ان لوگوں کی فہرست موجود ہے جو ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں، جسے (NDA) National Diabetes Audit کہا جاتا ہے۔ اس فہرست سے آپ کا نام بغیر کسی ترتیب کے منتخب کیا گیا تھا۔ NHS England نے ان معلومات کو GP سے رجسٹر شدہ مریضوں کی Personal Demographic Service (PDS)نامی فہرست میں موجود آپ کے رابطے کی تفصیلات سے ملایا ہے۔ Ipsosایک ڈیٹا پروسیسر کی حیثیت سے، NHS Englandکی جانب سے یہ سروے انجام دے رہا ہے۔ NHS England نے آپ کا کچھ ذاتی شیئر ڈیٹا کیا ہے تاکہ Ipsos آپ کو اس سروے میں حصہ لینے کے لیے مدعو کر سکے۔ عوام کے اراکین پر مشتمل، ایک غیر جانبدار گروپ، نے ذیابیطس میں مبتلا افراد کی شناخت کے لیے مریضوں کے نجی ڈیٹا کے استعمال کے حوالے سے مدد فراہم کی اور انہیں اس سروے میں حصہ لینے کی دعوت دی۔

### 4.2 میری تفصیلات کس کے ساتھ شیئر کی جائیں گی؟

Ipsos کو مندرجہ ذیل ڈیٹا تک رسائی دی گئی ہے تاکہ وہ اس سروے میں حصہ لینے کے حوالے سے لوگوں کی مدد کر سکے اور اس بات کو یقینی بنا سکے کہ گمنام شناخت پر مشتمل اس سروے کا ڈیٹا NDA کی آبادی کی پروفائل کے ساتھ ممکن ترین حد تک مماثل ہے: جنس، عمر کی حد، نسل، ذیابیطس کی قسم، تشخیص کی تاریخ، نگہداشت کے طریقے/طبی نتائج، علاج کے اہداف، علاج کی قسم، GP پریکٹس کوڈ، لوئر لیئر سپر آؤٹ پٹ ایریا ((LSOA، اور NHS نمبر۔

مندرجہ ذیل ڈیٹا Ipsos کے ساتھ شیئر کیا گیا ہے تاکہ وہ سروے میں حصہ لینے کے لیے منتخب کردہ افراد سے رابطہ کر سکے: نام، پتہ، موبائل نمبر (جہاں دستیاب ہو)، اور پیدائش کا مہینہ اور سال۔

Ipsos آپ کے ڈیٹا کو خفیہ رکھے گا اور صرف آپ کو سروے میں حصہ لینے کی دعوت دینے کے لیے آپ کی تفصیلات کا استعمال کرے گا۔ ایک مرتبہ سروے مکمل ہونے پر، Ipsos بحفاظت آپ کی ذاتی تفصیلات ضائع کر دے گا۔

Ipsos سروے انجام دینے کے لیے بعض سپلائر تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ آپ کو حصہ لینے کی دعوت دینے کے لیےIpsos کو آپ کے رابطے کی تفصیلات درج ذیل سپلائر تنظیموں کے ساتھ شیئر کرنی ہوں گی۔

- Formara (خطوط اور سوالنامے پرنٹ کرنا): نام، پتہ اور ذیابیطس کی قسم
- Text Local (ٹیکسٹ پیغام کے دعوت نامے تقسیم کرنا): موبائل نمبر
- The Delivery Group and Royal Mail (تقسیم کاری اور ڈاک): نام اور پتہ

Ipsos آن لائن سروے کے جوابات جمع کرنے کے لیے Rackspace UK کے ساتھ بھی کام کرتا ہے انٹرنیٹ کو استعمال میں لانے والے تمام سسٹمز RackSpace UK ڈیٹا سینٹر میں ہوسٹ کیے جاتے ہیں، جس میں انٹرویو لینے کا پلیٹ فارم، Dimensions شامل ہیں، جو مارکیٹ کی تحقیق سے متعلق فیلڈ ورک کو انجام دینے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ تمام ایپلیکیشنز اور ڈیٹا کا نظم Ipsosکے ذریعے کیا جاتا ہے۔

یہ تمام سپلائرز UK میں ڈیٹا کے تحفظ کے عمومی قانون سے منظور شدہ ہیں اور ان کے مطابق ہیں۔

### 4.3 میرا ذاتی ڈیٹا کیسے محفوظ رکھا جائے گا اور اس پر کس طرح عمل کاری کی جائے گی؟

آپ کا ذاتی ڈیٹا UK میں ڈیٹا کے تحفظ کے عمومی قانون اور ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 2018 کے مطابق رکھا گیا ہے۔ NHS Englandکا رازداری کا نوٹس اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ وہ کس طرح ذاتی ڈیٹا استعمال کرتے ہیں اور یہ بتاتا ہے کہ آپ ان سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں اور ڈیٹا سبجیکٹ کے طور پر اپنے حقوق کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ NHS England ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 2018 کے تقاضوں کے مطابق آپ کی معلومات کی حفاظت کرے گا۔

### 4.4 میرے ذاتی ڈیٹا پر عمل درآمد کرنے کے لیے آپ کی قانونی بنیاد کیا ہیں؟

NHS England یہ سروے انجام دے رہا ہے تاکہ ذیابیطس میں مبتلا لوگوں کی بہتر نگہداشت کی جا سکے اور انہیں معاونت فراہم کی جا سکے۔ یہ سروے NHS England کو طبی اور سماجی نگہداشت کے ایکٹ 2023: 13E Duty میں بیان کردہ سروسز کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے عمومی وعدوں کو پورا کرنے میں مدد کرے گا۔

NHS England اور Ipsos نے سیکشن 251 (یعنی NHS ایکٹ 2006 اور طبی سروس (مریض کی معلومات کے کنٹرول) کی ضابطہ کاریاں 2002) کی معاونت حاصل کی ہے۔ یہ معاونت NHS England کی طرف سے Ipsosکے ساتھ کسی بھی قسم کی ذاتی معلومات کا اشتراک کرنے سے پہلے تحقیقات صحت کی ایجنسی میں رازداری کے مشاورتی گروپ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ یہ معاونت ایک غیر جانبدار گروپ کے ذریعے سروے کے مقاصد اور گورننس کے انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد فراہم کی جاتی ہے۔ عوام کے اراکین پر مشتمل، ایک گروپ، نے ذیابیطس میں مبتلا افراد کی شناخت کے لیے مریضوں کے نجی ڈیٹا کے استعمال کے حوالے سے مدد فراہم کی اور انہیں اس سروے میں حصہ لینے کی دعوت دی۔ اس کے نتیجے میں اس امر کی قانونی بنیاد مل جاتی ہے کہ یہ سروے انجام دینے کے لیے مریض کی معلومات کو استعمال کیا جا سکے گا۔

NHS England ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کے قومی سروے کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کے لیے ڈیٹا کنٹرولر ہے، جس کا مطلب ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہیں کہ یہ عمل کاری UK میں ڈیٹا کے تحفظ کے عمومی قانون (UK GDPR) کی تعمیل کرتی ہے۔

سروے کی انجام دہی کے لیےNHS Englandکی قانونی بنیاد UK GDPR کے آرٹیکل 6(1)(e) کے تحت 'عوامی کام' کے طور پر شامل ہے۔ یہ ذاتی ڈیٹا پر کارروائی کے لیے ایک قانونی بنیاد فراہم کرتا ہے جہاں:

...”عوام کے فائدے کے لیے انجام دیے گئے کام کی کارکردگی کا تعین کرنے یا کنٹرولر کو دیے گئے سرکاری اختیارات کے استعمال کا جائزہ لینے کے لیے عمل کاری ناگزیر ہے۔“

مزید برآں، UK GDPR آرٹیکل 9(2)(h) NHS Englandکی قانونی بنیاد کا احاطہ کرتا ہے، جس میں یہ سروے انجام دینے کے لیے مخصوص زمرہ جاتی ڈیٹا (جیسے صحت، نسلی یا قبائلی بنیاد، یا جنسی رجحان) استعمال کرنے کا اختیار دیا گیا ہے:

9(2)(h”) یونین یا رکن ریاست کے قانون کی بنیاد پر یا پیشہ ورانہ ماہر صحت کے ساتھ معاہدے کے مطابق اور پیراگراف 3 کی شرائط اور تحفظات میں بیان کردہ کے تحت، احتیاطی یا پیشہ ورانہ ادویات کے مقاصد، ملازم کی کام کرنے کی استعداد کی جانچ، طبی تشخیص کے لیے، صحت کی سہولیات یا سماجی نگہداشت یا علاج کی فراہمی کے لیے، یا صحت یا سماجی نگہداشت کے سسٹمز اور سروسز کی نظم کاری کے لیے یہ عمل کاری ناگزیر ہے“...

اس کا مطلب یہ ہے کہ NHS England موزوں تحفظات کے ذریعے سروس کے جائزے کے لیے اپنے پاس محفوظ کردہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال کر سکتا ہے۔ Ipsos ایک ڈیٹا پروسیسر ہے جو سروے کی انجام دہی کے لیے NHS England کی ہدایات پر عمل کرتا ہے۔

سروے میں حصہ لینے کے ذریعے، شرکاء سوالنامے میں فراہم کردہ معلومات کے استعمال پر رضامندی ظاہر کرتے ہیں۔

### 4.5 Ipsos کس طرح اس امر کو یقینی بنائے گا کہ میری ذاتی معلومات محفوظ ہیں؟

Ipsos معلومات کی حفاظت کی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے پورا کرتا ہے اور مختلف اقدامات اختیار کرتا ہے تاکہ آپ کی معلومات کو گم ہونے، چوری ہونے، یا ناجائز استعمال ہونے سے محفوظ رکھنے کا عمل یقینی بنا سکے۔ حفاظتی اقدامات میں دفاتر کی معقول مادی سکیورٹی برقرار رکھنا اور کمپیوٹر سسٹمز پر کنٹرول اور اس تک محدود رسائی شامل ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سخت اقدامات کیے گئے ہیں کہ ذاتی معلومات کو محفوظ طریقے سے اسٹور کیا جائے اور اسے صرف وہی اہلکار دیکھ سکیں جو پروجیکٹ میں براہ راست شامل ہوں۔

Ipsos کے پاس اپنے معلوماتی تحفظ کے کنٹرولز کے اندرونی و بیرونی عام آڈٹس اور کام کرنے کے طریقہ کار موجود ہیں اور یہ بیان الاقوامی معیار برائے انفارمیشن سکیورٹی، ISO 27001 سے تسلیم شدہ ہے۔

آپ کے سوالات کے انفرادی جوابات آپ کے نام یا رابطے کی تفصیلات سے وابستہ نہیں ہیں۔ Ipsos، اور منظور شدہ NHS England کا عملہ اور محققین، انفرادی جوابات کو خفیہ رکھتے ہیں۔ وہ UK میں ڈیٹا کے تحفظ کے عمومی قانون کے تمام پہلوؤں اور شرائط اور دیگر تمام متعلقہ قانون سازی کے پابند ہیں، جن میں محفوظ اسٹوریج کی ضروریات شامل ہیں۔

### 4.6 میرا ذاتی ڈیٹا کہاں محفوظ ہو گا اور اس پر عمل درآمد کہاں کیا جائے گا؟

اس سروے میں استعمال کردہ اور اس کے لیے جمع کردہ آپ کا تمام ذاتی ڈیٹا برطانیہ کے اندر Ipsos کے ذریعے ان ڈیٹا سینٹرز اور سرورز میں محفوظ کیا جائے گا جو RackSpace UKکی جانب سے ہوسٹ کیے جاتے ہیں۔ RackSpace UKIpsos گروپ کے زیر انتظام اور ہوسٹ کردہ سروسز فراہم کرتا ہے، یہ انفراسٹرکچر صرف Ipsos کے لیے مخصوص ہے۔ RackSpace آپریٹنگ سسٹم کی سطح تک مدد فراہم کرتا ہے اور Ipsos اپنی انسٹال کردہ ایپلیکیشنز اور ڈیٹا کا انتظام کرتا ہے۔

### 4.7 میں نے نیشنل ڈیٹا آپٹ آؤٹ کے ذریعے آپٹ آؤٹ کیا ہے تو مجھے یہ سروے کیوں موصول ہوا ہے؟

محکمہ صحت اور سماجی نگہداشت نے تصدیق کی ہے کہ اس سروے کو نیشنل ڈیٹا آپٹ آؤٹ سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ استثنیٰ اور پالیسی کے التوا کی فہرست میں مزید معلومات ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

### 4.8 میرے جوابات کے ساتھ کیا ہو گا؟ کیا میں دیکھتا ہوں کہ نگہداشت صحت کے ماہر افراد کو معلوم ہو گا کہ میں نے اس سروے میں حصہ لیا ہے؟

آپ کی نگہداشت میں شامل افراد میں سے کسی کو بھی معلوم نہیں ہو گا کہ آیا آپ نے اس سروے میں حصہ لیا ہے یا نہیں۔

Ipsos آپ کے جوابات کو دوسرے لوگوں کے جوابات کے ساتھ جمع کرے گا اور سروے کے نتائج شائع کرے گا۔ آپ کے جوابات کو صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔ کوئی بھی شخص شائع ہونے والے نتائج میں آپ کی شناخت کرنے سے قاصر ہو گا۔

Ipsos اس سروے کے تمام جوابات NHS England کو بھیجے گا۔ NHS England کسی بھی قسم کی ایسی ذاتی تفصیلات کو ہٹا دے گا جو ڈیٹا کے ذریعے آپ کی شناخت کرنے کے لیے استعمال ہو سکتی ہیں۔ وہ اس سروے کے جوابات کو قومی ذیابیطس آڈٹ اور نگہداشت صحت کے دیگر ڈیٹا بیسز میں موجود معلومات سے مربوط کریں گے۔ NHS ان معلومات کو ذیابیطس کی سروسز کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کرے گا۔ آپ اپنے سروے کے جوابات NHS England کو فراہم نہ کرنے کی تاکید کر سکتے ہیں۔ تاہم، NHS England کو اس سروے کا ڈیٹا موصول ہونے کے بعد، آپ کے جوابات کو حذف نہیں کیا جا سکتا۔

NHS England آپ کے سروے کے جوابات کو منظور شدہ محققین کے ساتھ شیئر کر سکتا ہے، لیکن صرف اس طریقے سے جس سے آپ کی شناخت نہ ہو۔ NHS England صرف ڈیٹا کی عمل کاری سے متعلق سخت قوانین کے مطابق آپ کے جوابات کا اشتراک کرے گا۔

اس سروے میں حصہ لے کر، آپ اپنی ذاتی معلومات کو ان طریقوں سے استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

### 4.9 منظور شدہ اور محققین سے کیا مراد ہے اور وہ نتائج کو کیسے استعمال کر سکتے ہیں؟

انفرادی مریض کی سطح پر سروے کے ڈیٹا کو استعمال کرنے کی استعداد حاصل کرنے کے لیے، NHS England اور دیگر تنظیموں کے ذریعے ملازمت یافتہ محققین سمیت تمام محققین کو اجازت حاصل کرنے کے لیے درخواست دینا ضروری ہوتا ہے۔ ہر درخواست کے لیے منظوری کے کڑے عمل سے گزرنا لازم ہے، جس میں انجام دیے جانے والے کام کا تعین کیا جائے گا، اور ایک معاہدے کے ذریعے یہ طے ہو گا کہ کسی بھی اشاعت میں صرف مکمل طور پر گمنام شناخت کے حامل ڈیٹا کا حوالہ دیا جا سکے گا۔ دیگر تمام صارفین صرف قومی یا ضم کردہ نگہداشتی سسٹم (ICS) کی سطح پر گمنام ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

### 4.10 Ipsos میرے ذاتی ڈیٹا اور قابل شناخت جوابات کو کب تک محفوظ رکھے گا؟

Ipsos will only hold your data in a way that can identify you for as long as is necessary to support the research project and findings. عملی طور پر، اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک بار جب Ipsos ایک قابل قبول طریقے سے گمنام نتائج کو رپورٹ کر دیتا ہے، تو وہ آپ کے ذاتی، شناختی ڈیٹا کو اپنے سسٹمز اور کسی بھی قسم کے سپلائرز سے محفوظ طریقے سے ہٹا دیں گے۔ اس مطالعہ کے لیے، Ipsos اشاعت کے 2 ماہ بعد آپ کے ذاتی ڈیٹا کو محفوظ طریقے سے اپنے سسٹمز سے ہٹا دے گا (حذف کرنے کی تخمینی تاریخ جنوری 2025 ہے)۔

### 4.11 UK میں ڈیٹا کے تحفظ کا عمومی قانون

UK GDPR میں حقوق شامل ہیں، اگرچہ یہ تمام ان جگہوں پر لاگو نہیں ہوتے ہیں جہاں عوامی مفاد میں صحت عامہ کے مقاصد کے لیے عمل کاری کی قانونی بنیاد ناگزیر ہو (UK GDPR آرٹیکل 9(2)(h))۔

آپ Ipsos کے پاس محفوظ شدہ کسی بھی قسم کے ذاتی ڈیٹا کے حذف ہونے سے پہلے (اشاعت کے 2 ماہ بعد، حذف کرنے کی تخمینی تاریخ جنوری 2025 ہے) اس تک رسائی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ رپورٹنگ (جس کی متوقع تاریخ موسم گرما 2024 ہے) کے لیے ڈیٹا پر عمل کاری کرنے سے قبل کسی بھی وقت، اپنے ذاتی ڈیٹا یا اپنے دیے گئے سروے کے جوابات کی عمل کاری پر اعتراض کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے سروے کے ڈیٹا کو NHS England کے ساتھ شیئر کرنے سے پہلے کسی بھی وقت (نومبر 2024 کی تخمینی تاریخ)، اپنے سروے کے جوابات کی قومی ذیابیطس آڈٹ اور نگہداشت صحت کی دیگر ڈیٹا بیسز کے ساتھ مربوط کاری پر اعتراض کر سکتے ہیں۔

NHS England کو عام طور پر ایک ماہ کے اندر آپ کے حقوق سے متعلق درخواستوں کا لازماً جواب دینا چاہیئے، گوکہ اس ضمن میں کچھ مستثنیات موجود ہیں۔ NHS England کا رازداری کا نوٹس آپ کے حقوق اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار کی وضاحت کرتا ہے۔

اگر اپنے ذاتی ڈیٹا پر ہمارے عمل درآمد کے طریقہ کار کے بارے میں آپ کے کوئی خدشات ہوں، تو آپ انفارمیشن کمیشنر کے آفس (ICO) میں شکایت درج کرانے کے حقدار ہیں۔ آپ انفارمیشن کمیشنر کے آفس میں رابطہ کرنے سے متعلق طریقے کی تفصیلات https://ico.org.uk/global/contact-us/ سے یا اس: casework@ico.org.uk پر ای میل بھیج کر حاصل کر سکتے ہیں۔

## ہم سے رابطہ کریں

### 4.12 میں اس سروے اور/یا اپنے ذاتی ڈیٹا کے بارے میں **Ipsos** اور **NHS England** سے کیسے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

**آپ سروے انجام دینے والے سپلائر Ipsos سے رابطہ کر سکتے ہیں:**

فون: 0800 470 2965

ای میل: diabetessurvey@ipsos.com

پوسٹ:
The NDES team
Ipsos
3 Thomas More Square
London, E1W 1YW.

**NHS England سے رابطہ کریں**

آپ NHS England کے کسٹمر رابطہ سینٹر سے بذریعہ ای میل یا نیچے دی گئی تفصیلات کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ٹیلی فون: 0300 311 22 33;

پوسٹ:
NHS England

PO Box 16738

Redditch, B97 9PT.

اگر آپ چاہیں تو ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق سوالات کے ساتھ آپ براہ راست NHS England کے ڈیٹا کے تحفظ کے دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق مسائل درپیش ہوں تو آپ کو انفارمیشن کمیشنر کے آفسمیں NHS England کے خلاف شکایت دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔